مطبوعات

ازالۃ الخفاء عن خلافۃ الخلفاء | تالیف حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ۔ ترجمہ از مولانا اشتیاق احمد صاحب دیوبندی۔ ناشر: قدیمی کتب خانہ، آرام باغ، کراچی۔ بڑے سائز کے ۴۸۵ صفحات سے زیادہ ضخامت، خوبصورت مجلد، قیمت صرف ۴۰/- روپے۔

شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی مشہور کتاب کا یہ صرف چوتھا حصہ ہے۔ پہلے تین حصے شائع ہو چکے ہیں۔ صحابہ کرام خصوصاً خلفائے راشدہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کے متعلق بعض اطراف سے جو حملے ہوتے رہے ہیں۔ یہ کتاب ان کے جواب میں مرتب ہوئی، مگر انداز منفی نہیں مثبت ہے یعنی خلفائے راشدین میں سے ایک ایک کے مراتب و مناقب اور فضائل و شمائل کی احادیث سے وضاحت ہونے کے ساتھ ساتھ خلافتِ راشدہ کی تاریخ بڑے مؤثر انداز میں بیان ہوئی ہے۔ بلکہ ضمناً سیرت نبوی (علیہ الصلوٰۃ والسلام) کے کئی پہلو بھی روشن ہو جاتے ہیں۔

یہ کتاب دینی حلقوں کے لیے تو ناگزیر ہے ہی، مناسب ہو کہ اسلام سے کچھ بھی تعلق رکھنے والے نوجوان اسے ضرور پڑھیں۔

سفر نامہ ہند | تالیف: مولانا محمد یوسف قریشی۔ ناشر: مؤتمر المؤلفین، جامعہ اشرفیہ پشاور۔ دو سو سے زائد صفحات۔ قیمت: ۱۵/- روپے

دیوبند مشہور دینی درس گاہ اور ایک فکری مرکز کی حیثیت سے معروف ہے۔ اس کے صدسالہ جشن کو مناتے وقت بیرونِ ہند سے کئی شرکاء پہنچے، ان میں پاکستان سے جانے والا وفد بھی شامل تھا۔ اسی وفد کی یہ روئیدادِ سفر ہے۔ دیوبند کے علاوہ، سہارنپور، میرٹھ، دہلی، گنگوہ اور آگرہ وغیرہ بھی منازل تھیں۔ کتاب میں موسسین دیوبند و اکابر دیوبند کا تذکرہ۔ مختلف مقامات